مطبوعات

ترکی ۔ قدیم و جدید تالیف : مولانا خلیل احمد حامدی ۔ شائع کردہ : اسلامک پبلیکیشنز، شاہ عالم مارکٹ، لاہور۔ قیمت آٹھ روپے۔ صفحات ۳۱۲ ۔

زیرِ تبصرہ کتاب کے مصنف علمی حلقوں کی ایک معروف دینی شخصیت ہیں ۔ عالمِ اسلام خصوصاً عرب ممالک کے بارے میں اُن کی آرا بڑی وقیع بلکہ استناد کا درجہ رکھتی ہیں ۔ اس کتاب میں جو فاضل مصنف نے رُودادِ سفر کی صورت میں مرتب کی ہے، ترکی قدیم و جدید کے معاشرتی، سیاسی اور دینی حالات پر نہایت قابلِ اعتماد معلومات فراہم کی ہیں۔ اس تصنیف کا سب سے نمایاں پہلو یہ ہے کہ مصنف نے ایک مسلمان کی حیثیت سے اس خطۂ ارضی کا جائزہ لیا ہے جو صدیوں تک اسلامی خلافت کا مرکز رہا ہے اور جس میں اسلامی تہذیب و تمدن کے آج تک نہایت واضح اور درخشاں نقوش پائے جاتے ہیں ۔

یُوں تو یہ پُوری رُودادِ سفر بڑی ہی دلچسپ اور فکر انگیز ہے لیکن اس کے وہ حصّے خاص طور پر اُمتِ مسلمہ کے لیے بڑے ایمان افروز ہیں جن میں ترکی کے اندر احیاءِ دین کی کوششوں کا تذکرہ کیا گیا ہے اور اس سے ذہن کو سکون اور قلب کو اطمینان حاصل ہوتا ہے کہ نوجوان نسل مغربی تہذیب کے طلسم سے آزاد ہو کر دینِ حق کو پوری یکسوئی اور اعتماد کے ساتھ قبول کر رہی ہے ۔

فاضل مصنّف کا اندازِ تحریر بڑا دلکش ہے ۔ مطالعہ کے دوران قاری اس میں کھو سا جاتا ہے اور یُوں محسوس کرتا ہے کہ وہ ترکی کا تاریخی ارتقاء اور اس کی زندگی کے مختلف مناظر خود اپنی آنکھ سے دیکھ رہا ہے ۔

تصاویر اور نقشوں نے کتاب کی افادیت میں اضافہ کیا ہے ۔ طباعت اور کتابت کا معیار عمدہ ہے ۔